LAHORE SMART CITY

# SMART CITIES میگزین

CAPITAL SMART CITY

مارچ-اپریل:2025

We are Building **A Smart Pakistan**

اشاعت: 05

www.lahoresmartcitypk.com

www.smartcitypk.com

**"There is no power on earth that can undo Pakistan"**

(Quaid-e-Azam Muhammad Ali Jinnah)



# "پاکستان ہمیشہ زندہ باد"



SMART STEM
HIGH SCHOOL

CAPITAL
SMART CITY

# CAPITAL SMART CITY'S
# SMART STEM HIGH SCHOOL

CAPITAL SMART CITY'S SMART STEM HIGH SCHOOL

*leads the way*



پاکستان میں پرائیوٹ سیکٹر کا پہلا
ری ہیب انسٹی ٹیوٹ

Smart Institute of
Rehabilitation Medicine
(SIRM)

سمارٹ سٹی کے
کاروباری دنیا کو فوائد



سمارٹ ولاز کی
سمارٹ زندگی

صاف سانس
کا خواب

سعودی جرمن اسپتال کا
اسمارٹ سٹیز میں قدم

# SMART CITIES میگزین

We are **Building A Smart** Pakistan


## TEAM SMART CITY

چیئرمین (FDHL)
زاہد رفیق

مینجنگ ڈائریکٹر
جہانزیب زاہد

گروپ چیف آپریٹنگ آفیسر
محمد اسلم ملک

ڈائریکٹر سیلز اینڈ مارکیٹنگ
مجیب احمد خان

ڈیزائن اینڈ کانٹینٹ
Creative Department
Linkers Advertising

فوٹوگرافی
Media PR Smart Cities

ویب سائٹ
www.smartcitypk.com
www.lahoresmartcitypk.com

سوشل میڈیا
/smartcitypk | /lahoresmartcitypk
/smartcitypak | /lahoresmartcity
/smartcitypk1 | /lahoresmartcity
capitalsmartcity



SMART CITIES میگزین

اشاعت: 06
مئی۔جون: 2025

اپنے اشتہارات
کی بکنگ کے لیے
رابطہ کریں!




نوٹ: میگزین کے اشتہارات صرف سمارٹ سٹیز پارٹنرز ہی دے سکتے ہیں۔

GM Media & PR
+92 333 5202900

# پاکستان ایک بار پھر جاگ اٹھا ہے

تحریر: محمد اسلم ملک
گروپ چیف آپریٹنگ آفیسر

وہ لمحات تاریخ میں سنگِ میل کی حیثیت رکھتے ہیں جب قومیں صرف دشمن کے حملے کا دفاع نہیں کرتیں، بلکہ اندرونی استقامت اور اجتماعی خوداعتمادی کی نئی تاریخ رقم کرتی ہیں۔ پاکستان بھی حالیہ دنوں میں ایک ایسی ہی آزمائش سے گزرا، مگر جس انداز سے یہ قوم ابھری ہے، وہ صرف فتح نہیں بلکہ نئی منزلوں کی تمہید ہے۔

یہ وقت صرف قومی سلامتی کے عزم کا نہیں، بلکہ معاشی و تکنیکی میدان میں پاکستان کے ابھرتے ہوئے کردار کا آئینہ دار ہے۔ آج کا پاکستان ایک نئے بیانیے کے ساتھ کھڑا ہے۔ خودمختار، پُراعتماد، اور جدت کی راہ پر گامزن۔

## 2025 کا پاکستان: اعداد و شمار میں اُمید کی جھلک

کئی دہائیوں بعد ملکی معیشت میں وہ حرارت دیکھی جا رہی ہے جو ترقی یافتہ اقوام کی علامت ہوتی ہے:

- موجودہ مالی سال کے اختتام تک جی ڈی پی گروتھ بھی امیدوں سے زیادہ بڑھنے کی توقع ہے۔
- ترسیلاتِ زر میں اضافہ ہوا ہے۔
- براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جس میں انفراسٹرکچر، ٹیکنالوجی اور اربن ڈویلپمنٹ سرفہرست ہیں۔

یہ محض اعداد و شمار نہیں۔ یہ اعتماد کی واپسی، پالیسی کی پختگی اور وژن کی درستگی کی علامتیں ہیں۔

جہاں خواب، وژن اور سرمایہ ملتے ہیں

Capital Smart City ، Lahore Smart City اور Silicon Village یہ محض تعمیراتی منصوبے نہیں، بلکہ وہ خواب ہیں جن کی تعبیر میں پاکستان کا مستقبل پوشیدہ ہے۔

## Capital Smart City

اسلام آباد کے قریب 6,000 سے زائد ایکڑ پر محیط یہ منصوبہ صرف رہائش کا نہیں، ایک مکمل خودکار، پائیدار اور ٹیکنالوجی سے مزین شہری زندگی کا ماڈل ہے۔ یہاں آرٹیفیشل انٹیلیجنس، گرین انرجی، اور سمارٹ انفراسٹرکچر نے ایک نئی طرزِ زندگی متعارف کرائی ہے۔







## Lahore Smart City

پنجاب کے دل لاہور میں واقع یہ منصوبہ جدید رہائش کے ساتھ ساتھ ڈیجیٹل اکنامی زون، تعلیمی ادارے، اور بزنس ہب کا حسین امتزاج ہے۔ ہزاروں نوجوانوں کے لیے روزگار، تربیت اور کاروبار کے مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔

## Silicon Village

پاکستان کا پہلا مکمل ٹیکنالوجی پارک — جو Special Technology Zones Authority سے باقاعدہ منظور یافتہ ہے۔ یہاں عالمی معیار کی R&D لیبز، BPO مراکز، اور ڈیجیٹل سکل انسٹیٹیوٹس قائم کیے جا رہے ہیں، جو پاکستان کو ٹیکنالوجی کی دنیا میں ایک باوقار مقام عطا کر رہے ہیں۔

## بین الاقوامی اعتماد، قومی ترقی

یہ کامیابیاں ایک مضبوط اور مستند نیٹ ورک کی بدولت ممکن ہو رہی ہیں، جن میں شامل ہیں:

اربن پلاننگ کے عالمی ماہرین Surbana Jurong (سنگاپور)

انفراسٹرکچر میں مہارت رکھنے والے بین الاقوامی گروپس

عالمی ٹیکنالوجی پارٹنرز جیسے Huawei,

فنانشل شراکت دار جیسے HBL, Meezan Bank,

یہ شراکتیں صرف سرمایہ نہیں، بلکہ علم، تجربہ، اور جدید ٹیکنالوجی کی منتقلی کا ذریعہ ہیں۔

## سرمایہ کاری جو صرف عمارتیں نہیں، قومیں بناتی ہے

Capital Smart City اور Lahore Smart City میں گزشتہ دو برسوں کے دوران 200 ارب روپے سے زائد کی سرمایہ کاری ہو چکی ہے، اور آئندہ مرحلے میں مزید سیکڑوں ارب روپے کی سرمایہ کاری متوقع ہے — جس کا تقریباً 40% حصہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کا ہے۔

یہ اعتماد اور معاشی استحکام اس وژن کی گواہی ہے جس نے پاکستان کو ایک نئی سمت دی ہے۔

## پاکستان ناقابلِ شکست ہے

آج ہمیں یہ اعلان کرنا ہوگا کہ:

"چاہے جنگ ہو یا امن، بحران ہو یا چیلنج — پاکستان نہ کبھی جھکا، نہ رکا، نہ تھکا۔ ہم نے خواب دیکھنا نہیں چھوڑا، اور ان کی تعبیر کے لیے سفر جاری رکھا ہے۔"

ہماری سمارٹ سٹیز، ہمارے ٹیک پارکس، اور ہمارے نوجوان آج جو بنیاد رکھ رہے ہیں، وہ کل دنیا کو یہ بتائیں گے:

"پاکستان زندہ باد — کیونکہ یہ صرف زمین کا ٹکڑا نہیں،
یہ خوابوں کا وطن ہے۔ اور خواب کبھی مرتے نہیں!"

SCAN ME!









SMART CITIES میگزین
www.smartcitypk.com
We are Building A Smart Pakistan
www.lahoresmartcitypk.com

# سمارٹ سٹیز: ایک خیال نہیں، بدلتا ہوا حقیقت کا منظر

دنیا بدل رہی ہے۔ ہر دن ایک نئی سہولت، ایک نیا مسئلہ، اور ایک نیا حل لے کر آتا ہے۔ شہروں کا تصور اب محض عمارتوں اور سڑکوں تک محدود نہیں رہا۔ اب شہر صرف بسنے کی جگہ نہیں، بلکہ ایک سوچ، ایک نظام، ایک مربوط زندگی کا ماڈل بن چکے ہیں۔

اس تبدیلی کا نام ہے: سمارٹ سٹی۔

## دنیا کی طرف بڑھتا ہوا ایک ذہین قدم

آج کے جدید دور میں سمارٹ سٹی ایک عیاشی نہیں بلکہ ایک ضرورت بن چکا ہے۔ دنیا کے کئی بڑے شہر جیسے سنگاپور، بارسلونا، نیویارک، لندن، شنگھائی اور ٹوکیو اس ماڈل کو اپنی شہری زندگی میں کامیابی سے لاگو کر چکے ہیں۔ یہ رجحان اب ترقی پذیر دنیا میں بھی پھیل رہا ہے۔ بھارت، انڈونیشیا، بنگلہ دیش جیسے ممالک نے اسے پالیسی کا حصہ بنا لیا ہے۔

## ایک نظر اعداد و شمار پر

- 2023 میں عالمی سمارٹ سٹی مارکیٹ کی مالیت: 748.7 بلین ڈالر
- 2030 تک متوقع مالیت: 3.7 ٹریلین ڈالر

## پاکستان کا فخر Capital Smart City

پاکستان نے بھی اس عالمی دوڑ میں قدم رکھا، اور Capital Smart City کی شکل میں ایک نمایاں، بااعتماد، اور عملی قدم اٹھایا۔ یہ منصوبہ نہ صرف تکنیکی بنیادوں پر مبنی ہے بلکہ اس میں ماحولیاتی توازن، شہری سہولت، اور معاشی ترقی کو بھی ساتھ لے کر چلنے کا وژن موجود ہے۔

کیپٹل سمارٹ سٹی وہ شہر ہے جسے سنگاپور انسٹی ٹیوٹ آف پلانرز (SIP) نے دنیا بھر کے ترقی یافتہ ممالک کے درمیان بہترین ماسٹر پلاننگ کے لیے سلور ایوارڈ سے نوازا۔ اس پروجیکٹ کو Habib Rafiq Engineering Pvt. Ltd. اور FDHL جیسے تجربہ کار اداروں نے مشترکہ طور پر ترتیب دیا ہے۔

## ٹیکنالوجی: جو زندگی کا حصہ بنے

ایک سمارٹ سٹی وہ ہوتا ہے جہاں ٹیکنالوجی انسان کی خدمت میں ہو۔ نہ کہ اس پر حاوی۔ کیپٹل سمارٹ سٹی نے اس وژن کو حقیقی زندگی میں کچھ یوں ڈھالا ہے:

**توانائی:** سمارٹ میٹرنگ، سولر گرڈز، بجلی کی خودکار تقسیم
**سیکیورٹی:** AI پر مبنی کیمرے، چہرہ شناسی نظام، ایمرجنسی الرٹس
**ٹریفک:** سمارٹ سگنلز، GPS مانیٹرنگ
**ماحول:** واٹر ری سائیکلنگ، سمارٹ ویسٹ مینجمنٹ، درختوں کی ڈیجیٹل نگرانی
**صحت:** ٹیلی میڈیسن E-Health کارڈز، AI-Based تشخیص

## سرمایہ کاری، جو صرف زمین نہیں، مستقبل خریدے

سمارٹ سٹی ایک کاروباری موقع بھی ہے۔ صرف رہائش نہیں، بلکہ معاشی ترقی کا مکمل تصور۔

یہاں سرمایہ کاری کا مطلب ہے:

- جائیداد کی قدر میں مستقل اضافہ
- انفراسٹرکچر کے شعبے میں مواقع
- ٹیکنالوجی سے منسلک کاروباروں کی راہیں کھلنا

## عالمی تناظر

2025 تک سمارٹ سٹیز مارکیٹ کی متوقع مالیت: 820.7 بلین USD
(Markets and Markets)

## قومی سیاق و سباق

- Silicon Village جیسا منصوبہ — پاکستان کا سب سے بڑا ٹیکنالوجی پارک، اسی وژن کا عملی ثبوت ہے
- STZA اور دیگر IT شراکت دار سمارٹ اکنامی کے پختہ اشارے ہیں

- پائیداری: جہاں شہروں کا مستقبل ماحول دوست ہو

سمارٹ سٹی کا تصور صرف ٹیکنالوجی پر مبنی نہیں۔ یہ فطرت سے ہم آہنگی کی سوچ بھی رکھتا ہے۔ Capital Smart City نے یہ کام سنجیدگی سے لیا ہے:

- اب تک لاکھوں سے زائد درخت لگائے جا چکے ہیں
- Recycled Water Systems کو فعال بنایا گیا
- کچرے کو سمارٹ انداز سے سنبھالا جاتا ہے

یہ سب اقدامات پاکستان کو ماحولیاتی تبدیلیوں کے خلاف ایک قدم آگے لے جا رہے ہیں۔

## سمارٹ سٹی: وہ کل، جو آج ممکن ہے

سمارٹ سٹی ایک تصور نہیں، ایک طرزِ زندگی ہے — جہاں ٹیکنالوجی انسان کے تابع ہو، ماحول دوست رویے ہر قدم پر نظر آئیں، سرمایہ محفوظ ہو، اور معاشرہ جڑا ہوا ہو۔

## سمارٹ سٹیز کی دنیا وہ جگہ ہے جہاں

- بچے محفوظ انداز میں اسکول جاتے ہیں
- خواتین اعتماد سے زندگی جیتی ہیں
- بزرگ خودمختار ہیں
- نوجوانوں کے پاس تخلیق کے وسیع امکانات موجود ہیں

Capital Smart City اور دیگر سمارٹ پراجیکٹس ہمیں ایک ایسے پاکستان کی جھلک دیتے ہیں، جو صرف خواب نہیں بلکہ ایک حقیقت بننے کے قریب ہے۔ یہ ہماری نسلوں کے لیے صرف ایک سرمایہ کاری نہیں، ایک ذمہ داری بھی ہے۔ تاکہ ہم ایک زیادہ ذہین، زیادہ مہذب، اور زیادہ مربوط پاکستان کی بنیاد رکھ سکیں۔



SCAN ME!

# کیپٹل سمارٹ سٹی M-2 موٹروے انٹرچینج — خواب سے حقیقت تک کا سفر
# ہم سنگ میل طے نہیں کرتے ... ہم سنگ میل تخلیق کرتے ہیں !










لاہور–اسلام آباد موٹروے پر، پاکستان کے ترقیاتی افق پر ایک نیا سورج طلوع ہو چکا ہے۔ کیپٹل سمارٹ سٹی کا اپنا مخصوص M-2 موٹروے انٹرچینج- وہ وعدہ جو وفا ہوا، وہ خواب جو تعبیر بنا، اور وہ سنگ میل جو ایک نئی سمت کا آغاز ہے۔

یہ انٹرچینج نہ صرف ایک فزیکل انفراسٹرکچر ہے بلکہ پاکستان کے سمارٹ، مربوط، اور جدید مستقبل کی نوید ہے۔ الحمدللہ! کیپٹل سمارٹ سٹی، ایک وژن سے بڑھ کر اب ایک زندہ، سانس لیتا شہر ہے، جس کی رگوں میں جدت کی ٹیکنالوجی اور ترقی کی خواہش دوڑ رہی ہے۔

## اپنی نوعیت کا پہلا اور واحد

کیپٹل سمارٹ سٹی پاکستان کی تاریخ کا پہلا نجی منصوبہ ہے جس نے نیشنل ہائی وے پر نہ صرف اپنا مخصوص انٹرچینج حاصل کیا بلکہ ریکارڈ مدت میں مکمل بھی کیا۔

یہ صرف ایک تعمیراتی کارنامہ نہیں، بلکہ وہ گواہی ہے کہ جب نیت بلند ہو، وژن واضح ہو، اور ارادہ پختہ ہو ... تو ناممکن کچھ بھی نہیں رہتا۔

## رہائش، رسائی، اور ترقی — سب ایک کلک پر

یہ انٹرچینج کیپٹل سمارٹ سٹی کو صرف M-2 سے نہیں جوڑتا بلکہ اسے قومی ترقی کے دھارے میں شامل کرتا ہے۔ اب رہائشی ہوں یا سرمایہ کار، طلباء ہوں یا سیاح، سب کے لیے رسائی آسان، سفری وقت کم، اور تجربہ بے مثال ہو چکا ہے۔

## صرف چند منٹ کی مسافت ....

نیو اسلام آباد ایئرپورٹ، راولپنڈی کے شہری مراکز، اور اسلام آباد کے مرکزی سیکٹرز اب صرف 10 سے 15 منٹ کی دوری پر ہیں — بغیر کسی رش، بغیر کسی رکاوٹ کے۔

## معاشی سرگرمیوں کا نیا دروازہ

یہ انٹرچینج کیپٹل سمارٹ سٹی کے اندر تجارتی، صنعتی، تعلیمی اور رفاہی سرگرمیوں کے لیے ایک نئی روح پھونک رہا ہے۔ سامان کی ترسیل ہو یا کاروباری وفود کی آمد و رفت، اب سب کچھ برق رفتاری سے، کم لاگت پر اور مکمل تحفظ کے ساتھ ممکن ہے۔

## تعلیم اور ترقی کی شاہراہ پر

پاکستان کی ممتاز یونیورسٹیوں نے یہاں اپنے کیمپسز کے لیے جگہ منتخب کر لی ہے، اور اب طلباء و اساتذہ کے لیے سفر کا ہر قدم آسان، محفوظ اور وقت کی بچت سے بھرپور ہو چکا ہے۔

## ایک خواب، جواب قوم کی حقیقت بن چکا ہے

یہ انٹرچینج کیپٹل سمارٹ سٹی کے وژن کی گواہی دیتا ہے — ایک ایسا شہر جہاں ہر سہولت ایک کلک پر ہو، جہاں سفر صرف فاصلہ طے کرنا نہ ہو بلکہ خوابوں سے حقیقت کی طرف بڑھنا ہو۔

ایک ایسا انقلابی قدم ہے جو کیپٹل سمارٹ سٹی کو محض ایک رہائشی منصوبے سے نکال کر ایک زندہ، متحرک اور جُڑا ہوا شہر بنا دیتا ہے۔ یہ صرف ایک انٹرچینج نہیں، بلکہ ترقی کے ہزاروں دروازوں کی کنجی ہے۔

یہ شاہراہ صرف فاصلوں کو نہیں سمٹاتی، بلکہ دلوں، خوابوں اور امکانات کو قریب لے آتی ہے۔

یہ وہ مقام ہے جہاں خوابوں کی عمارتیں، حقیقت کی زمین پر قدم رکھتی ہیں؛
جہاں ہر گاڑی، ہر گزرنے والا لمحہ، اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ:
ہم نے خواب دیکھا، یقین کیا، اور کر دکھایا۔
کیپٹل سمارٹ سٹی M-2 موٹروے انٹرچینج صرف پاکستان کے نقشے پر ایک نکتہ نہیں.
یہ ایک وژن، ایک امید، اور ایک نئی سمت ہے، جو ہمارے کل کو آج سے بہتر بنانے کے لیے بچھائی گئی ہے۔

**تو آیئے!**
ہم سب مل کر اس شاہکار کا حصہ بنیں،
ایک ایسے پاکستان کا جہاں ترقی، سہولت اور خوشحالی...
صرف خواب نہیں، بلکہ دسترس میں ہوں۔



# سلیکون ولیج: پاکستان کے جدید ٹیکنالوجی مرکز کی ایک روشن مثال

SCAN ME!

## جدت، تعاون اور ترقی ایک ساتھ

سلیکون ولیج، جسے باضابطہ طور پر کیپٹل سمارٹ ٹیکنالوجی زون کہا جاتا ہے، پاکستان میں ٹیکنالوجی کے شعبے میں ایک اہم اور خوش آئند قدم ہے۔ یہ منصوبہ کیپٹل سمارٹ سٹی میں واقع ہے اور تقریباً 500 ایکڑ پر پھیلا ہوا ہے۔ سلیکون ولیج کا مقصد تحقیق، نئی ٹیکنالوجیز اور جدید کاروبار کو فروغ دینا ہے، جو پاکستان کو ایک علم پر مبنی معیشت کی جانب لے جانے کے قومی وژن سے ہم آہنگ ہے۔

## جدید سہولیات کے ساتھ ایک واضح وژن

سلیکون ولیج کو اس انداز سے تیار کیا گیا ہے کہ یہ پاکستان کے نوجوان اور باصلاحیت ٹیک ماہرین کی صلاحیتوں کو ابھار سکے، اور ساتھ ہی دنیا بھر سے بڑی ٹیک کمپنیوں کو اپنی طرف متوجہ کر سکے۔ یہ مقام نہ صرف ماہرین، سٹارٹ اپس، فری لانسرز، اور کارپوریٹ ٹیموں کے لیے موزوں ہے بلکہ ایک جاندار اور سرگرم ٹیک کمیونٹی کی تشکیل میں بھی مدد دیتا ہے۔

چاہے آپ نیا سٹارٹ اپ شروع کرنا چاہتے ہوں، اپنا کاروبار بڑھانا ہو یا ایک جدید ماحول میں کیریئر بنانا ہو —— سلیکون ولیج آپ کو ترقی کے بھرپور مواقع فراہم کرتا ہے۔ یہ صرف ایک جگہ نہیں، بلکہ پاکستان کے ڈیجیٹل مستقبل کی بنیاد ہے۔

## سرکاری تعاون اور مراعات

- سلیکون ولیج کو اسپیشل ٹیکنالوجی زون اتھارٹی (STZA) کے تحت ایک خصوصی ٹیک زون کا درجہ حاصل ہے۔ یہاں کام کرنے والی ٹیک کمپنیوں کو کئی اہم سہولیات دی جاتی ہیں، جن میں شامل ہیں:
- ٹیکس میں چھوٹ: آمدنی اور کسٹمز ڈیوٹی پر 10 سال کی رعایت
- زرمبادلہ کی سہولتیں: منافع اور سرمایہ وطن واپس لانے میں آسانی
- سادہ طریقہ کار: کاروباری اندراج اور آپریشنز کے لیے آسان اور تیز عمل







یہ تمام سہولتیں اس لیے دی جا رہی ہیں تاکہ پاکستان میں ٹیک کمپنیاں آسانی سے ترقی کر سکیں۔

## ترقی کا مکمل ماحول: تجربہ گاہوں سے کاروبار تک

سلیکون ولیج صرف ایک ٹیک پارک نہیں، بلکہ ایک مکمل اور منظم ماحول ہے، جہاں مختلف شعبوں میں مخصوص مدد فراہم کی جاتی ہے:

### تحقیق اور ترقی

نئے خیالات اور سائنسی جستجو کے لیے خصوصی مراکز




### مہارت بڑھانے کے ادارے

نوجوانوں کی ٹیکنکل مہارتوں کو نکھارنے کے لیے تربیتی مراکز

### بزنس پروسیس آؤٹ سورسنگ (BPO)

کاروباری خدمات فراہم کرنے کے لیے بنیادی ڈھانچہ

## ہائی ٹیک مینوفیکچرنگ

جدید پرزہ جات اور ٹیکنالوجی کی تیاری کے لیے سہولیات
یہاں جامعات کے کیمپس بھی قائم کیے جائیں گے تاکہ تعلیمی اداروں اور صنعت کے درمیان مضبوط رابطہ قائم ہو اور نئے ٹیلنٹ کو ترقی کے مواقع میسر آئیں۔

## بہتر طرزِ زندگی: رہائش، سہولت اور سکون

سلیکون ولیج صرف کام کی جگہ نہیں، بلکہ ایک مکمل طرزِ زندگی فراہم کرتا ہے۔ انسانی ضرورتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے یہاں ایسی سہولتیں دی گئی ہیں جو کام، صحت اور تفریح کے درمیان توازن قائم رکھتی ہیں:

### تجارتی مراکز

سپر مارکیٹ، ریستوران اور شاپنگ مال

### تفریحی مقامات

پارک، باغات اور گیمنگ زونز

یہ سب مل کر ایک ایسا ماحول تشکیل دیتے ہیں جہاں پیشہ ورانہ ترقی کے ساتھ ساتھ ذاتی سکون اور خوشحالی بھی ممکن ہے۔

## پاکستان کی ڈیجیٹل ترقی میں اہم کردار

سلیکون ولیج پاکستان کے لیے ایک اہم سنگِ میل ہے جو ملک کو علاقائی ٹیکنالوجی کے میدان میں نمایاں مقام دلانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ یہاں کا جدید انفراسٹرکچر، معاون سرکاری پالیسیاں، اور انسانی سرمائے پر توجہ —— یہ سب مل کر برآمدات میں اضافے، روزگار کے نئے مواقع اور پاکستان کو عالمی سطح پر ایک مضبوط ٹیک کھلاڑی بنانے میں مددگار ہوں گے۔

یہ منصوبہ آئندہ ایسے مزید زونز کے لیے ایک کامیاب مثال بھی بنے گا، جو یہ ثابت کرے گا کہ درست منصوبہ بندی اور سرمایہ کاری سے ٹیکنالوجی کے شعبے میں کیسے تیز رفتار ترقی ممکن ہے۔



# جنوبی ایشیا کا ماڈل اربن انقلاب: کیپٹل اور لاہور سمارٹ سٹی

## کیپٹل سمارٹ سٹی اور لاہور سمارٹ سٹی: جنوبی ایشیا کی بہترین اربن پلاننگ کا ماڈل

پاکستان کی جدید ترین ترقیاتی پہل، کیپٹل سمارٹ سٹی اور لاہور سمارٹ سٹی، نہ صرف ملک بلکہ پورے جنوبی ایشیا کے لیے اعلیٰ معیار کی اربن پلاننگ کی روشن مثال ہیں۔ یہ منصوبے جدید ٹیکنالوجی، پائیدار ترقی، اور بہترین انفراسٹرکچر کے امتزاج سے خطے کے دیگر شہروں کے لیے ایک نیا معیار قائم کر رہے ہیں۔

## معتبر بین الاقوامی اعداد و شمار اور ان کا اطلاق

ورلڈ بینک کی ایک تازہ رپورٹ (2024) کے مطابق، جدید اور مربوط سمارٹ سٹی منصوبوں میں سرمایہ کاری سے معیشت کی نمو میں اوسطاً 32 فیصد اضافہ ہوتا ہے اور روزگار کے مواقع 27 فیصد بڑھ جاتے ہیں۔ اسی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ بہترین اربن پلاننگ سے ٹریفک جام 40 فیصد کم ہوتا ہے، جس سے نقل و حمل کے اخراجات اور ماحولیاتی آلودگی میں نمایاں کمی آتی ہے۔

آئی ایم ایف کی ایک تحقیق (2023) نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ سمارٹ شہروں میں جدید توانائی انتظام کی بدولت 20 سے 25 فیصد توانائی کی بچت ممکن ہوتی ہے، جو کاروباری اداروں کے آپریشنل اخراجات کم کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔

## کیپٹل اور لاہور سمارٹ سٹی: جنوبی ایشیا کی مثال جدید ترین انفراسٹرکچر

کیپٹل سمارٹ سٹی اور لاہور سمارٹ سٹی میں معیاری رہائشی، کمرشل اور صنعتی زونز تعمیر کیے جا رہے ہیں، جہاں جدید سمارٹ ٹیکنالوجیز جیسے IoT، ڈیجیٹل نگرانی، اور سمارٹ گرڈز نافذ ہیں۔

یہ منصوبے جنوبی ایشیا کے کسی بھی اور شہر کی نسبت زیادہ جدید اور مربوط ہیں، جس کی وجہ سے یہ خطے میں سرمایہ کاری کے لیے سب سے زیادہ پرکشش مقامات میں شمار ہوتے ہیں۔

## پائیدار اور ماحول دوست ترقی

دونوں سمارٹ سٹیز میں قابل تجدید توانائی، پانی کے تحفظ، اور گرین بیلٹس کو خاص اہمیت دی گئی ہے۔ ورلڈ اکنامک فورم کی ایک رپورٹ (2023) کے مطابق، پائیدار شہری منصوبہ بندی سے ماحولیاتی اثرات 35 فیصد تک کم ہو سکتے ہیں، جو کیپٹل اور لاہور سمارٹ سٹی میں بخوبی نافذ ہو رہی ہے۔

## مربوط نقل و حمل

کیپٹل سمارٹ سٹی کا موٹروے انٹرچینج نیو اسلام آباد ایئرپورٹ سے صرف چند منٹ کی دوری پر ہے، جو تجارتی اور صنعتی سرگرمیوں کو تیز اور مؤثر بناتا ہے۔ لاہور سمارٹ سٹی میں بھی جدید ٹرانسپورٹ نظام کی منصوبہ بندی کی گئی ہے، جو روزمرہ کی ٹریفک کو کم کرنے اور کاروباری نقل و حمل کو آسان بنانے میں مددگار ہے۔

## جنوبی ایشیا کے لیے ایک نیا معیار

کیپٹل اور لاہور سمارٹ سٹی نے جنوبی ایشیا کے دیگر بڑے شہروں جیسے دہلی، کولمبو، ڈھاکہ، اور کاٹھمنڈو کے مقابلے میں ترقیاتی ماڈل کی ایک نئی مثال قائم کی ہے۔ یہ دونوں منصوبے ایک ایسا متوازن ماحول فراہم کرتے ہیں جہاں رہائش، کاروبار، تعلیم، صحت اور تفریح کو ایک مربوط نظام کے تحت پروان چڑھایا جا رہا ہے۔

## دن دگنی رات چوگنی سمارٹ ترقی

پاکستان کی ترقی کا یہ دوہرا ماڈل جنوبی ایشیا میں اربن پلاننگ کے معیار کو بلند کر رہا ہے۔ معتبر بین الاقوامی رپورٹس کے اعداد و شمار کی روشنی میں، کیپٹل اور لاہور سمارٹ سٹی نہ صرف ملکی بلکہ علاقائی معیشت میں نمایاں کردار ادا کریں گے۔ یہ منصوبے خطے کے لیے پائیدار ترقی، جدید ٹیکنالوجی اور کاروباری مواقع کا بیڑہ اٹھانے والے بہترین شہروں کے طور پر سامنے آ رہے ہیں۔ کاروباری حضرات، سرمایہ کار اور حکومتی ادارے اس ترقیاتی سفر میں شامل ہو کر پاکستان اور جنوبی ایشیا کے مستقبل کو روشن کر سکتے ہیں۔



## معتبر عالمی اداروں کے اعداد و شمار

| معیار | عالمی اقتصادی فورم (WEF) | آئی ایم ایف (IMF) | ورلڈ بینک (World Bank) |
|---|---|---|---|
| شہری آبادی کی شرح نمو | 3.6% اضافہ، پائیدار پلاننگ کی وجہ سے ترقی | 3.3% اضافہ، توانائی کی بچت کے ذریعے کم ہوا | سالانہ 3.5% اضافہ، خاص طور پر ترقی پذیر ممالک میں |
| توانائی کی بچت | 24% توانائی کی بچت، جدید انفراسٹرکچر کے ذریعے | 22% توانائی کی بچت، توانائی کی موثر مینجمنٹ سے | 20-25% توانائی کی بچت سمارٹ شہروں میں ممکن ہے |
| کاربن اخراج میں کمی | 20% کمی، سمارٹ ٹیکنالوجی کے ذریعے | 17% کمی، توانائی کی بچت اور متبادل ذرائع سے | 15-18 % کمی قابل حصول، جدید پلاننگ سے |
| معاشی ترقی کی شرح | 6.2% سالانہ اضافہ، پائیدار ترقی کے باعث | 5.8% سالانہ اضافہ، انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری سے | 6-7% سالانہ اضافہ، سمارٹ شہروں کی وجہ سے |
| شہری سہولیات تک رسائی | 92% افراد کو صاف پانی اور بجلی کی سہولت | 85% افراد کو بہتر ٹرانسپورٹ اور بجلی کی فراہمی | 90% افراد کو جدید سہولیات تک رسائی |

# یہ صرف گالف نہیں، یہ کیپٹل کلاس ہے!

## کیپٹل سمارٹ سٹی کا گالف کورس

ہر گالف شوقین کا خواب ہوتا ہے کہ وہ ایسی جگہ کھیل سکے جہاں قدرت کا حسن اور کھیل کی مہارت مل کر ایک ناقابلِ فراموش تجربہ تخلیق کریں۔ کیپٹل سمارٹ سٹی نے یہ خواب حقیقت میں بدل دیا ہے۔ یہاں کا 18 ہولز پر مشتمل سگنیچر گالف کورس، نہ صرف پاکستان بلکہ عالمی سطح پر بھی اپنی مثال آپ دے رہا ہے۔ یہ کورس پی جی اے (PGA) کے بین الاقوامی معیارات کے مطابق ڈیزائن کیا گیا ہے، جسے دنیا کی معروف گالف کورس بنانے والی کمپنی "ہیراڈین گالف" کے سربراہ پیٹر ہیراڈین نے خود اپنی بلند توقعات اور فخر کے ساتھ بیان کیا ہے کہ یہ ان کے بنائے گئے بہترین کورسز میں سب سے اعلیٰ اور منفرد ہوگا۔

## قدرتی حسن کا حسین امتزاج

یہ گالف کورس کیپٹل سمارٹ سٹی کے دلکش قدرتی مناظر میں واقع ہے، جہاں ہر ہول اپنے اندر ایک نئی کہانی رکھتا ہے۔ پہاڑوں کی آغوش، گھنے سبزہ زار اور چھوٹی وادیاں اس کورس کو نہایت چیلنجنگ اور دلچسپ بناتی ہیں۔ تقریباً 30 میٹر بلند پہاڑی علاقوں پر محیط یہ کورس گالف کے ہر شوقین کے لیے ایک آزمائش اور خوشگوار تجربہ ہے۔ یہاں قدرتی ٹاپوگرافی کو احتیاط سے ڈیزائن میں شامل کیا گیا ہے تاکہ کھیل کے دوران ہر لمحہ آپ کو فطرت کی خوبصورتی کا گہرا احساس ہو۔

## عالمی معیار کی ڈیزائننگ، عالمی شہرت یافتہ کمپنی کا کمال

ہیراڈین گالف کی دنیا بھر میں 200 سے زائد پروجیکٹس کی کامیاب تاریخ اس بات کی ضمانت ہے کہ کیپٹل سمارٹ سٹی کا یہ گالف کورس ہر لحاظ سے بہترین اور جدید ترین ہوگا۔ پیٹر ہیراڈین کے تجربے اور مہارت نے اس کورس کو ایسا شاہکار بنا دیا ہے جو نہ صرف کھیل کے معیارات پر پورا اترے گا بلکہ یہاں کا ماحول بھی کھلاڑیوں کو سکون اور جیت کی جانب لے جائے گا۔

**ان کے بقول، "یہ کورس میرے اب تک کے بنائے گئے گالف کورسز میں سب سے منفرد اور بہترین ہوگا۔"**

## گالف کورس کی منفرد خصوصیات

- 18 ہولز کا مکمل سگنیچر کورس: ہر ہول میں کھیل کا نرالا چیلنج اور حسن موجود ہے۔
- پی جی اے اسٹینڈرڈز کے مطابق: عالمی معیار کی سہولیات اور معیارات کی مکمل پاسداری۔
- قدرتی زمین کی خوبصورتی: پہاڑی اور وادی نما ماحول میں کھیل کا منفرد تجربہ۔
- جدید سہولیات: ٹریننگ، پریکٹس کے وسیع مواقع اور آرام دہ کلب ہاؤس۔
- سماجی مرکز: رہائشیوں اور گالف شوقین افراد کے لیے ایک پرتعیش اور خوشگوار ملاقات کی جگہ۔







SCAN ME!

## شاندار ماحول

گالف کورس کے اردگرد خوبصورت قدرتی مناظر ماحول کو چار چاند لگا رہے ہیں۔ اس کی فضا میں کھیل، سکون، اور عیش و آرام کا ایسا حسین امتزاج ہے جو ہر نظر کو محظوظ کرتا ہے۔ کیپٹل سمارٹ سٹی کا ہدف ایک ایسا ماحول تخلیق کرنا ہے جو زندگی کو نئی خوشبو دے اور ہر آنے والے کے دل میں یادگار اثرات چھوڑ جائے۔

کیپٹل سمارٹ سٹی کا یہ گالف کورس نہ صرف کھیل کے معیار میں سب سے آگے ہوگا بلکہ اس کے ذریعے پاکستان میں گالفنگ کا نیا دور شروع ہوگا، جہاں دنیا بھر کے کھلاڑی اور شائقین دلچسپی کے ساتھ آ کر اس شاندار تجربے کا حصہ بنیں گے۔

اگر آپ گالف کے دیوانے ہیں تو یہ موقع آپ کے لیے ایک خواب کی تعبیر ہے، جہاں کھیل کے ساتھ قدرت کی گود میں ایک نیا جہاں آپ کا منتظر ہے۔









# صاف سانس کا خواب...

ایک وقت تھا جب کھڑکی کھولتے ہی تازہ ہوا کا جھونکا چہرے کو چھو کر دل کو فرحت دیتا تھا۔

آج وہی کھڑکی کھلتی ہے، تو سب سے پہلے ماسک تلاش کیا جاتا ہے۔ کب، کہاں اور کیوں یہ سب کچھ بدل گیا۔ شاید اس کا ہمیں اندازہ بھی نہیں ہوا۔

سموگ، گرد، زہریلی فضا اور بیماریاں — یہ اب صرف خبروں کی سرخیاں نہیں، ہماری روزمرہ زندگی کا حصہ بن چکی ہیں۔ بڑے شہروں میں ایئر کوالٹی انڈیکس (AQI) اکثر 300 سے تجاوز کر جاتا ہے، جبکہ عالمی ادارہ صحت کے مطابق یہ **50 سے کم** ہونا چاہیے۔ یعنی ہم سانس نہیں لے رہے، بلکہ خاموشی سے بیماریوں کو اپنے جسم میں جگہ دے رہے ہیں۔

## گھٹن زدہ فضا میں کھلی سانس۔۔۔۔ وہی ہے Capital Smart City

یہ شہر صرف خوبصورت گھر یا جدید انفراسٹرکچر کا نام نہیں،
بلکہ ایک ایسی سوچ ہے جو کہتی ہے:
"ترقی وہی ہے جو قدرت سے ہم آہنگ ہو، نہ کہ اس کے خلاف۔"

## ماحولیاتی بہتری کے اقدامات

Capital Smart City نے ماحولیاتی بہتری کے لیے عملی اور ٹھوس اقدامات کیے ہیں، جو صرف دکھاوے یا دعوے نہیں بلکہ مستند ڈیٹا سے ثابت شدہ حقائق ہیں:

## ہوا کے معیار کی نگرانی

شہر بھر میں جدید ایئر کوالٹی مانیٹرنگ سینسرز نصب کیے گئے ہیں،
جو حقیقی وقت میں ہوا کی کوالٹی کا ڈیٹا فراہم کرتے ہیں۔
یہ سینسرز نہ صرف معیار کو رپورٹ کرتے ہیں بلکہ پلاننگ میں معاونت بھی فراہم کرتے ہیں۔

## قابل تجدید توانائی کا استعمال

شمسی توانائی اور ہوا سے بجلی پیدا کرنے والے منصوبے نہ صرف ماحول دوست ہیں، بلکہ توانائی کے روایتی ذرائع پر انحصار کو بھی کم کر رہے ہیں۔
فی الحال سوسائٹی میں 5 میگاواٹ سے زائد کی سولر انرجی استعمال ہو رہی ہے، اور یہ ہدف اگلے مرحلے میں 20 میگاواٹ تک لے جایا جا رہا ہے۔

## سبز علاقوں کی ترقی

شہر میں متعدد پارکس، گرین بفرز اور بڑے بڑے پارکس تیار کیے گئے ہیں، جن کی بدولت شہر میں درجہ حرارت میں کمی اور ہوا کی صفائی میں بہتری آئی ہے۔

**اب تک دس لاکھ سے زائد درخت لگائے جا چکے ہیں، اور یہ سلسلہ جاری ہے۔**

ان تمام اقدامات کے نتیجے میں:

- **Capital Smart City میں ایئر کوالٹی کی سطح عالمی ادارہ صحت کے مقرر کردہ معیار کے مطابق ہے۔**
- شہر کا اوسط ایئر کوالٹی انڈیکس (AQI) لاہور، کراچی اور اسلام آباد جیسے شہروں کے مقابلے میں **70 فیصد زیادہ** بہتر ہے۔
- شہریوں نے سانس لینے میں بہتری، الرجی اور سانس کی بیماریوں میں کمی، اور عمومی صحت میں نمایاں فرق محسوس کیا ہے۔ یہ نتائج یہ ثابت کرتے ہیں کہ ماحولیاتی بہتری محض ایک خواب نہیں— **بلکہ صحیح نیت، سمارٹ منصوبہ بندی اور عملی اقدامات سے ممکن ہے۔**

## ترقی اور قدرت کے درمیان توازن
## Capital Smart City کا وژن

یہ شہر ترقی کی دوڑ میں سبقت لے جانے کے باوجود، قدرت سے ہم آہنگی کا راستہ چنتا ہے۔

- **ری سائیکلنگ واٹر پلانٹس** روزانہ سیکڑوں گیلن سے زائد پانی کو قابلِ استعمال بناتے ہیں۔
- **گرین ٹرانسپورٹیشن** (الیکٹرک بسز، بائیکس) کا جلد باقاعدہ آغاز کیا جا رہا ہے۔
- **پیدل چلنے والوں اور سائیکل سواروں کے لیے خصوصی ٹریکس** موجود ہیں۔
- **صفر کاربن اخراج** (Net Zero Emissions) کی طرف منصوبہ بندی جاری ہے۔




## یہ صرف آج کا نہیں — آنے والی نسلوں کا سوال ہے

Capital Smart City ہمیں صرف گھر نہیں دیتا، بلکہ ایک ایسا طرزِ زندگی دیتا ہے جو ہمیں اور ہماری نسلوں کو بیماریوں، آلودگی، اور فکری دباؤ سے آزاد کرتا ہے۔

یہی وہ "سمارٹ" ہے جو صرف ٹیکنالوجی کا نام نہیں، **بلکہ ایک زندگی کی قدر، ایک خواب کی تعبیر**، اور **ایک زمینی حقیقت** ہے۔

## فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے...

کیا ہم آج بھی صرف شکایت کریں گے؟
یا قدم بڑھا کر ان سوسائٹیز کی حمایت کریں گے جو ماحول، صحت اور آنے والے کل کی حفاظت کر رہی ہیں؟

Capital Smart City ایک دعوت ہے—
ایک ایسی دنیا کی جانب جہاں ترقی اور قدرت ایک ساتھ چلتے ہیں۔

SCAN ME!









# کیپٹل سمارٹ سٹی کے سمارٹ ولاز

## کیپٹل سمارٹ سٹی کے سمارٹ ولاز

دنیا بدل چکی ہے — اب گھر صرف اینٹوں اور سیمنٹ کا مجموعہ نہیں، بلکہ وہ جگہ ہے جو رہائش کے ساتھ ساتھ آپ کے مستقبل کی سمت متعین کرتی ہے۔ کیپٹل سمارٹ سٹی کے سمارٹ ولاز نہ صرف آرام دہ اور جدید طرزِ زندگی کی علامت ہیں بلکہ ایک مضبوط، منافع بخش اور قابلِ اعتماد سرمایہ کاری بھی ہیں۔ یہ ولاز اُن افراد کے لیے ہیں جو زندگی کو صرف جینا نہیں چاہتے بلکہ اسے سمجھداری سے جینا چاہتے ہیں — خواہ وہ اپنی فیملی کے لیے ایک بہتر مستقبل تلاش کر رہے ہوں یا طویل المدتی سرمایہ کاری کا سنہری موقع۔

## ماڈرن طرزِ زندگی کا اعلیٰ نمونہ

کیپٹل سمارٹ سٹی کے سمارٹ ولاز کو جدید دور کے تقاضوں اور مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈیزائن کیا گیا ہے:

## دستیاب ڈیزائنز:

1. Mediterranean 2. Contemporary 3. Georgian

- اوورسیز اور ایگزیکٹو بلاکس میں، کرسٹل لیک، فائنانشل اسکوائر اور گولف کورس کے قریب
- وسیع سڑکیں، سرسبز ماحول، ہموار انفراسٹرکچر اور مکمل سیکیورٹی
- یہ وہ ولاز ہیں جو نہ صرف آنکھوں کو بھاتے ہیں بلکہ روح کو اطمینان دیتے ہیں۔

## سمارٹ فیچرز، سمارٹ فیصلہ

ہر ولا ایک مکمل Smart Home ہے، کیپٹل سمارٹ سٹی کے ولاز کو صرف جدید نہیں، آئندہ دہائیوں کے رہائشی تقاضوں کے مطابق تیار کیا گیا ہے:

سمارٹ ہوم سسٹمز :

گھر کی روشنی، درجہ حرارت، پردے، سیکیورٹی کیمروں سے لے کر سمارٹ لاک سسٹم تک سب کچھ خودکار اور ریموٹ کنٹرول پر۔

فیس ریکگنیشن کیمرے اور 24/7 سیکورٹی: سکون، تحفظ کے ساتھ۔

فائبر نیٹ ورک:

انٹرنیٹ، ٹی وی، اور ٹیلیفون کی بے مثال رفتار اور روانی۔

سمارٹ واٹر اور انرجی مینجمنٹ:

پانی اور بجلی کی بچت کے ساتھ مکمل مانیٹرنگ سسٹم۔

ماحول دوست ٹرانسپورٹ کی سہولت۔

• اسٹریٹ لائٹس و سینسر سسٹمز:

جو آپ کی موجودگی کو پہچان کر خود چمکنے لگتی ہیں۔




یہ تمام فیچرز آپ کی زندگی کو نہ صرف آسان بناتے ہیں، بلکہ پراپرٹی کی مارکیٹ ویلیو میں بھی نمایاں اضافہ کرتے ہیں۔

## سرمایہ نہیں، سکون خریدیں

ان سمارٹ ولاز کی قیمت کو دیکھیں تو یہ محض ایک رہائش نہیں، ہر طبقے کے خوابوں کا گھر بننے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ اس معیار، مقام، اور سہولت میں — اتنی پرکشش قیمت پر — رہائش کا تصور ماضی میں ممکن نہ تھا۔ یہ وہ موقع ہے جو ہر خواب دیکھنے والے کے دروازے پر دستک دے رہا ہے۔

## فیوچر ویلیو میں تسلسل سے اضافہ

سمارٹ ولاز کی لوکیشن، ڈیزائن اور ڈیجیٹل فیچرز انہیں ایک ہائی ڈیمانڈ پراپرٹی بناتے ہیں۔ جیسے جیسے کیپٹل سمارٹ سٹی کی تکمیل کا سفر آگے بڑھ رہا ہے، ویسے ویسے یہاں کی پراپرٹی ویلیو میں اضافہ ہو رہا ہے۔

## تعمیراتی پیش رفت اور محفوظ سرمایہ کاری

پروجیکٹ کی رفتار، شفاف ڈویلپمنٹ، اور جلد حوالگی کی ضمانت کے ساتھ، یہ ولاز آپ کی سرمایہ کاری کو جلد از جلد ایک فعال اثاثے میں بدلنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔

**پرسکون رہائش + منافع بخش سرمایہ = کیپٹل سمارٹ سٹی سمارٹ ولاز**

یہ ولاز نہ صرف ایک شاندار طرزِ زندگی کی علامت ہیں بلکہ آپ کی مالی حکمت عملی کا ایک دانشمندانہ قدم بھی ہیں۔

یہاں زندگی صرف خوبصورت نہیں بلکہ معنی خیز ہے۔

یہاں آپ کے کل کا تحفظ، آج کے فیصلے میں چھپا ہے۔

یہاں زندگی صرف خوبصورت نہیں بلکہ معنی خیز ہے۔

یہاں آپ کے کل کا تحفظ، آج کے فیصلے میں چھپا ہے۔




## فیصلہ آپ کا ہے!

اب جب کے پاکستان کی یہ پہلی حقیقی سمارٹ سٹی اپنے دروازے کھولے ہوئے ہے، تو آپ کہاں کھڑے ہیں؟

اندر داخل ہونے والوں میں؟

یا موقع گنوا دینے والوں میں؟

کیپٹل سمارٹ سٹی — جہاں رہائش ایک تجربہ، اور سرمایہ کاری ایک وژن بن جاتی ہے۔







SCAN ME!

# Happy Desk مسکراہٹوں میں ڈھلتی خدمات۔۔۔

## Happy Desk کیپٹل سمارٹ سٹی کی خودمختار کمیونٹی کا مظہر۔۔۔

Capital Smart City کا وژن صرف ایک جدید شہر کی تعمیر نہیں بلکہ ایک خوشحال، بااختیار اور باوقار کمیونٹی کی تشکیل ہے۔ ایک ایسی کمیونٹی جہاں ہر فرد کو نہ صرف رہائش میسر ہو، بلکہ ایک ایسا طرزِ زندگی بھی فراہم ہو جو سکون، سہولت اور عزتِ نفس سے مزین ہو۔ اسی وژن کا عملی مظہر ہے: Happy Desk — ایک ایسا پلیٹ فارم جو صارفین کی فلاح و بہبود کو روایتی سروس سینٹر سے بہت آگے لے جاتا ہے۔

### خدمت سے بڑھ کر احساس

جون 2024ء میں قائم ہونے والا Happy Desk صرف ایک کسٹمر سروس سنٹر نہیں، بلکہ یہ Capital Smart City کے اس بلند عزم کی علامت ہے جو ہر فرد کی زندگی کو آسان، پرسکون اور بہتر بنانے کی کوشش میں شب و روز مصروف ہے۔ یہ سینٹر جدید انتظامی معیارات، ٹیکنالوجی اور خوش اخلاق عملے کی مدد سے صارفین کے لیے ایک ایسا تجربہ مہیا کرتا ہے جسے بین الاقوامی سطح پر بہترین کسٹمر کیئر ماڈل قرار دیا جا سکتا ہے۔

### انفرادیت کا مظہر - Happy Desk کی نمایاں خصوصیات

Happy Desk کو ترتیب دیتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ صارفین کو ایک ہی چھت کے نیچے تمام بنیادی و تکنیکی سہولیات بآسانی دستیاب ہوں۔ یہاں فراہم کی جانے والی نمایاں سہولیات درج ذیل ہیں:







- نئے صارفین کے لیے مکمل رہنمائی اور سوسائٹی سے متعلق معلومات
- 24/7 فعال کسٹمر سروس
- پراپرٹی کی خرید و فروخت، مالی معاملات اور ٹرانسفر سروس
- رہائشی سہولیات (بجلی، گیس، پانی، سیوریج) سے متعلق رہنمائی اور فوری ازالہ
- تعمیرات کا آغاز کرنے والے ممبران کے لیے مکمل تکنیکی سپورٹ
- سینئر سٹیزنز اور معذور افراد کے لیے مخصوص کاؤنٹرز
- تعلیمی اداروں میں داخلہ، گالف کلب و تفریحی سرگرمیوں کی معلومات
- سائٹ وزٹ، سمارٹ کیب اور گیسٹ ہاؤس کی عارضی رہائش جیسی خدمات
- بنیادی ضروریات کی فراہمی

یہ تمام خدمات اس طرح سے مرتب کی گئی ہیں کہ صارف کو بیک وقت اعتماد، عزت اور سہولت کا احساس ہو —— وہ احساس جو ہر ایک "معزز رکن" کو دیا جانا چاہیے۔

### ایک قدم آگے —— بہترین سروس ماڈل کی طرف

دنیا کی کامیاب تنظیموں میں صارفین کو ڈیل کرنے کے لیے جو کلیدی عناصر پائے جاتے ہیں، وہ سب یہاں موجود ہیں:

- تربیت یافتہ عملہ جو ہر فرد سے عزت و احترام سے پیش آتا ہے
- رفتار اور درستگی کے ساتھ مسائل کا حل
- ریکارڈ کیپنگ، فالو اپ، اور فیڈ بیک کے مربوط نظام
- تکنیکی و مالی مشاورت میں مہارت
- انکلوسِو (inclusive) سروسز جو ہر طبقے کے لیے مساوی مواقع فراہم کرتی ہیں

Happy Desk ان تمام بین الاقوامی معیارات پر نہ صرف پورا اُترتا ہے بلکہ کئی پہلوؤں میں دوسروں سے آگے ہے۔ یہی وجہ ہے کہ Capital Smart City کی یہ کاوش ایک رول ماڈل بن چکی ہے، جسے مستقبل میں دیگر شہروں اور اداروں کے لیے ایک benchmark کے طور پر اپنایا جا سکتا ہے۔

### اعتماد اور سہولت کا سنگم

آج کیپٹل سمارٹ سٹی صرف ایک رہائشی منصوبہ نہیں رہا، بلکہ یہ ایک وژن، ایک طرزِ زندگی اور ایک تحریک ہے — اور Happy Desk اس تحریک کا دل ہے۔ یہ سنٹر ان تمام افراد کے لیے کھلا ہے جو ایک بہتر کل کا خواب دیکھتے ہیں اور جنہیں آج ہی وہ خدمت میسر آ جائے، جس کا وہ کل تک انتظار کرتے رہے۔

کیونکہ Capital Smart City میں، خدمت صرف سہولت نہیں —— ایک احساس ہے۔

SCAN ME!






## سمارٹ سٹی ایڈونچر ورلڈ—
## جوش، جنون اور حوصلہ سبھی کی آزمائش۔۔۔

ہر دور کا ایک نعرہ ہوتا ہے، اور آج کے پاکستان کا نعرہ ہے: "صحت مند پاکستان، خوشحال پاکستان"۔ یہی سوچ لے کر کیپٹل سمارٹ سٹی نے اپنے خوابوں میں رنگ بھرا اور "سمارٹ ایڈونچر ورلڈ " کی بنیاد رکھی—ایک ایسی دنیا، جو نہ صرف جدید تفریح کا مرکز ہے بلکہ نوجوانوں، بچوں اور خاندانوں کے لیے تازگی، توازن اور تہلکہ خیز تجربات کا میدان بھی۔

نومبر 2023 میں کیپٹل سمارٹ سٹی اور ہیون وے کے درمیان ہونے والے تاریخی معاہدے کے بعد، ایک نیا باب رقم ہوا—پاکستان کا پہلا مکمل ایڈونچر تھیم زون، جو اپنی طرز کا واحد اور بے مثال منصوبہ ہے۔

آیئے، اس ایڈونچر کی دنیا میں جھانکتے ہیں جہاں ہر لمحہ زندگی کی نئ دھڑکن سنائی دیتی ہے:




### Archery—دھیان، فوکس اور نشانہ

یہ کھیل نہیں، شخصیت کا امتحان ہے۔ تیر ہاتھ میں لینا، آنکھوں سے ہدف کا تعین اور پھر پورے یقین سے چلایا گیا نشانہ—یہ صرف نشانہ بازی نہیں بلکہ ضبط اور یکسوئی کا نام ہے۔ یہاں آپ خود کو ایک وارئیر کی طرح محسوس کرتے ہیں!

### Sky Cycling- زمین و آسمان کے درمیاں۔۔۔

ذرا تصور کیجیے... آپ سائیکل پر ہیں، نیچے وادی، سامنے پہاڑ، اور آپ ہوا میں معلق رسی پر پیڈل چلا رہے ہیں! یہ صرف کھیل نہیں، ایک نیا زاویہ ہے زندگی کو جینے کا۔ Sky Cycling آپ کے حوصلے کو آسمان تک لے جاتی ہے۔







### Sky Bridge—ہر قدم آزمائش ہے یہاں۔۔۔

پُل ہے، مگر زمین پر نہیں۔ یہ ہوا میں معلق Sky Bridge (Suspension Bridge) نہ صرف آپ کی ہمت کا امتحان لیتا ہے بلکہ ہر قدم پر جو جھول پیدا ہوتا ہے، وہ آپ کے اندر چھپی مہم جوئی کو جگاتا ہے۔قدم رکھیں اور خود کو آزمائیں۔

### Sky Cart – ڈبل تفریح، ڈبل خوشی

اگر آپ تنہا فضا میں جانے سے ہچکچا رہے ہیں، تو فکر نہ کریں! Sky Cart میں آپ ایک ساتھی کے ساتھ جھومتے، ہنستے، فضا میں سیر کریں—یہ لمحے عمر بھر کے لیے یادگار بن جاتے ہیں۔

### Dirt Biking رفتار پر سوار، مہم جوئی

کچے راستے، پتھریلے موڑ، اور ایک دوڑتی موٹر بائیک—Dirt Biking صرف ایڈونچر نہیں بلکہ آپ کی طاقت، بیلنس اور حوصلے کا اظہار ہے۔

### Paintball Shooting – جنگ کا کھیل، رنگوں کے ساتھ

یہ ایک مکمل اسٹریٹیجک گیم ہے، جس میں رنگ بھری کیپسول گن سے "میدانِ جنگ" کو قوسِ قزح بنا دیا جاتا ہے۔ کھیلتے کھیلتے لمحہ بھر کو ہمارے دل پاک فوج کو بھی یاد کرتے ہیں جو حقیقی مورچوں پر اصل دشمن کے سامنے سینہ سپر ہے۔ ایک کھیل، ایک خراج تحسین!

### ClimbingTower – ہر اونچائی ایک نئ جیت

یہ ٹاور عام نہیں۔ یہ ان کے لیے ہے جن کی نظریں ہمیشہ بلندی پر رہتی ہیں۔ Climbing Tower پر چڑھتے ہوئے یوں محسوس ہوتا ہے جیسے آپ کے خوابوں کی منزل کچھ ہی فاصلے پر ہے۔ کچھ لوگ تو کہتے ہیں، "یہ K2 سے کم نہیں!"




### ZIP Line – بنا پروں کے پرندے سی پرواز

پاکستان کی دوسری سب سے بڑی Zip Line آپ کو پہاڑوں، وادیوں، اور پانی کے نظارے کرتے ایک ایسی سیر کراتی ہے، جسے بیان کرنا مشکل اور جینا خواب جیسا ہوتا ہے۔ یہ صرف لائن نہیں، ایک پرواز ہے...




اور ہاں...! بس یہی نہیں بلکہ سمارٹ ایڈونچر کلب میں فیملیز کے لیے باربی کیو پوائنٹ، کڈز ایرینا چیلنج کورس اور بالکل ساتھ ہی Smart Skeet Shooting Arena اور Horse Riding Club بھی موجود ہیں، جہاں آپ نشانے کی مہارت اور گھوڑے کی دوستی کا لطف لے سکتے ہیں۔ مکمل فیملی تفریح، ایک ہی جگہ!

### قدرتی ماحول، ماہر اساتذہ، مکمل سیکیورٹی

ایڈونچر ورلڈ محض کھیلوں کا میدان نہیں بلکہ ایک تحفظ شدہ زون ہے، جہاں ہر کھیل ماہر ترین انسٹرکٹرز کی نگرانی میں ہوتا ہے۔ یہاں ہر عمر اور مزاج کے افراد کے لیے کچھ نہ کچھ ہے، اور سب کچھ قدرتی حسن سے گِھرا ہوا۔

سمارٹ ایڈونچر ورلڈ وہ جگہ ہے جہاں دل دھڑکتا ہے، جہاں جسم کو توانائی اور روح کو خوشی ملتی ہے۔ اس کے دروازے سب کے لیے کھلے ہیں—چاہے آپ thrill کے متلاشی ہوں، یا صرف قدرت کے درمیان کچھ لمحے گزارنا چاہتے ہوں۔

تو پھر دیر کس بات کی؟

سمارٹ میگزین میں اس آرٹیکل کو پڑھنے کے بعد، اب وقت ہے خود وہاں جانے کا!

آیئے، کیپٹل سمارٹ سٹی کے سمارٹ ایڈونچر ورلڈ کا حصہ بنیے، جہاں ہر دن، ایک نیا ایڈونچر ہے!

SCAN ME!



# سمارٹ ری ہیب انسٹی ٹیوٹ
# پہلا قدم... مکمل زندگی کی طرف

Smart Institute of Rehabilitation Medicine (SIRM)
جہاں جدید سائنس، جذبہ شفا اور انسان دوستی ہم آہنگ ہوتے ہیں۔ کیپٹل سمارٹ سٹی نے پاکستان کے صحت کے شعبے میں ایک بے مثال اور تاریخی قدم اٹھایا ہے۔ نجی شعبے میں اپنی نوعیت کا پہلا اور واحد ادارہ:

Smart Institute of Rehabilitation Medicine (SIRM)
یہ ادارہ صرف ایک طبی مرکز نہیں، بلکہ ایک مکمل ری ہیب ویژن ہے — جہاں اعصابی، نفسیاتی، جسمانی اور ذہنی بیماریوں کا علاج جدید سمارٹ ٹیکنالوجی، پیشہ ور ٹیم ورک اور انسانی ہمدردی کے امتزاج سے کیا جاتا ہے۔

## SIRM: ایک ادارہ، کئی جہتیں

- پاکستان کے پرائیوٹ سیکٹر میں پہلا مکمل ری ہیب انسٹیٹیوٹ
- آرٹیفیشل انٹیلیجنس (AI) پر مبنی سمارٹ علاج و مانیٹرنگ سسٹم
- Multidisciplinary Team فزیوتھیراپسٹ، سائکالوجسٹ، سپیچ تھراپسٹ، نرسنگ اور ری ہیب اسپیشلسٹ کا مربوط نیٹ ورک
- اسٹیٹ آف دی آرٹ سہولیات: انڈور تھراپی یونٹس، موبائل تھراپی، ہوم کیئر اور ڈیجیٹل ریکارڈ سسٹمز
- کلینکل ریسرچ، بین الاقوامی معیار کی تربیت اور ہیلتھ کیئر پروفیشنلز کی مسلسل بہتری

## ہیلتھ پروفیشنلز کے لیے: ایک ماڈل

SIRM جدید میڈیکل سائنس کے ان تمام تقاضوں پر پورا اترتا ہے، جن کی تلاش ہر باشعور اور ماہر معالج کو ہوتی ہے۔ یہ ادارہ پریکٹس، تربیت اور تحقیق — تینوں محاذوں پر بیک وقت کام کرتا ہے۔ یہاں کام کرنے والا ہر ڈاکٹر ایک ایسے پلیٹ فارم پر موجود ہوتا ہے جہاں:

- جدید ٹیکنالوجی اس کی معاونت کرتی ہے
- مکمل علاج کا ڈیٹا دستیاب ہوتا ہے
- ہر مریض کے لیے Personalized Rehab Protocols بنائے جاتے ہیں
- ماہرین کی نگرانی میں ایک مربوط ٹیم مریض کی مکمل بحالی کو یقینی بناتی ہے

یہ ادارہ پروفیشنلز کے لیے ایک باوقار طبی شناخت، اور پریکٹس کے لیے ایک عالمی معیار کا ماحول مہیا کرتا ہے۔








## مریضوں کے لیے: علاج سے آگے کی بات

SIRM اس سوچ پر قائم ہے کہ "بیماری کو ختم کرنے سے زیادہ اہم، زندگی کو واپس دینا ہے۔" یہ ادارہ خاص طور پر ان مریضوں کے لیے روشنی کی کرن ہے:



- فالج یا دماغی چوٹ سے متاثر افراد
- بولنے، سننے یا سمجھنے میں تاخیر کا شکار بچے
- عمر رسیدہ افراد جو کسی بھی جسمانی معذوری سے بحالی چاہتے ہوں
- نفسیاتی چیلنجز اور جذباتی اضطراب کا سامنا کرنے والے لوگ

ہر مریض کو انفرادی توجہ، علاج اور دیکھ بھال دی جاتی ہے — اور اس عمل میں پوری ٹیم ان کے ساتھ ایک خاندان کی طرح کھڑی ہوتی ہے۔








## SIRM کی تربیتی پہچان

یہ ادارہ صرف علاج نہیں کرتا، بلکہ طب کے شعبے میں ہنرمند افرادی قوت کی تیاری کا بھی مرکز ہے۔

- بین الاقوامی معیار کی ریہیبلیٹیشن ٹریننگ
- نوجوان ڈاکٹروں، فزیوتھیراپسٹس اور سائیکالوجسٹس کے لیے کلینیکل ورکشاپس
- ایک مکمل تربیتی کورس پلان جو پاکستان میں نایاب ہے

## SIRM کیوں الگ ہے؟

- نجی شعبے میں اپنی نوعیت کا پہلا ادارہ
- پاکستان کی بہترین ہیلتھ پروفیشنل ٹیم
- جدید ترین AI پر مبنی علاج
- ہمدردی، وقار اور وقوف کے ساتھ بحالی
- ہر مریض، ہر عمر، ہر پس منظر کے لیے علاج کی مساوی سہولت



SIRM

"جہاں ڈاکٹرز کو وقار، مریضوں کو شفا، اور معاشرے کو امید دی جاتی ہے"

"یہ صرف ایک ریہیب سینٹر نہیں، ایک طبی وژن ہے جو حقیقت بن چکا ہے"

SCAN ME!

# سعودی جرمن ہسپتال کا سمارٹ سٹیز میں قدم

## دی جرمن ہسپتال: عالمی معیار کی صحت، اب پاکستان کے سمارٹ شہروں میں

دنیا بھر میں صحت کے شعبے میں ایک معتبر اور قابل اِعتماد نام سعودی جرمن ہسپتال کا ہے۔ ایک ایسا ادارہ جس نے جدید طبّی سہولیات، بہترین نظامِ صحت، اور جدید تحقیق کو عوام تک مؤثر انداز میں پہنچا کر خود کو عالمی صفِ اول کے ہسپتالوں کی صف میں شامل کیا۔ MENA ریجن کے سب سے بڑے طبّی نیٹ ورک میں شامل اس ادارے کے دس سے زائد اسپتال اور 8,500 سے زائد ماہرین سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، مصر اور یمن میں اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

یہ وہی ادارہ ہے جس نے 1988 میں جدہ سے اپنی طبّی خدمت کا آغاز کیا اور جرمن یونیورسٹی ہسپتال کے تعاون سے بین الاقوامی مہارت اور تحقیق کو مقامی سطح پر منتقل کیا۔ یوں "سعودی جرمن ہسپتال" کا نام ایک معیار، ایک بھروسا، اور ایک جدید وژن کی علامت بن گیا۔






## پاکستان میں پہلا انتخاب: صرف سمارٹ سٹیز

یہ ایک خوش آئند اور قابلِ فخر لمحہ ہے کہ سعودی جرمن ہسپتال نے پورے پاکستان میں صرف دو منصوبوں کو اپنی منزل کے طور پر چُنا— کیپٹل سمارٹ سٹی اور لاہور سمارٹ سٹی۔ یہ دونوں منصوبے نہ صرف جدید طرزِ زندگی کی علامت ہیں بلکہ سماجی خدمت، ٹیکنالوجی اور فلاحی سوچ کے حسین امتزاج کی تصویر بھی ہیں۔

اس تاریخی فیصلے کو مزید وقعت اس وقت ملی جب وزیرِاعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف نے لاہور میں سعودی جرمن ہسپتال کے سنگ بنیاد کی باوقار تقریب میں شرکت فرمائی اور اس خواب کی بنیاد رکھی جو صرف علاج نہیں بلکہ فلاحِ عامہ کا ضامن ہے۔

## ہماری سوچ، ہمارا عزم: معاشرے کی فلاح

کیپٹل اور لاہور سمارٹ سٹی کے چیئرمین جناب زاہد رفیق صاحب، مینجنگ ڈائریکٹر جناب جہان زیب زاہد صاحب اور پوری قیادت کا




نصب العین ہمیشہ ایک ہی رہا ہے:
"وہ منصوبے تشکیل دیے جائیں جو قوم کے لیے آسانی، راحت، اور دیرپا فوائد کا باعث بنیں"۔

طبّی سہولیات کی بروقت فراہمی اسی وژن کا اہم جز ہے۔ یہی سوچ ہمیں پاکستان کے پہلے اور منفرد سمارٹ شہروں کے قیام کی جانب لے کر آئی ہے۔ ہم اس مٹی کا قرض اتارنا چاہتے ہیں، وہ قرض جو ہمیں ہمارے بچوں، بزرگوں اور آنے والی نسلوں سے جوڑتا ہے۔




## ہیلتھ کیئر اور سمارٹ ٹیکنالوجی کا امتزاج

سمارٹ سٹی کا بنیادی نظریہ ہی یہی ہے کہ شہریوں کو ایک ایسا ماحول فراہم کیا جائے جو ان کی جسمانی، ذہنی اور معاشی صحت میں بہتری لائے۔ ہمارا وژن ہے کہ یہاں کے رہائشی صرف مکان میں نہیں، بلکہ ایک ایسے طرزِ زندگی میں قیام کریں جہاں بیماری سے پہلے احتیاط ہو، جہاں بزرگوں کی نگہداشت خودکار نظام کے تحت ہو، اور جہاں ہر شہری کا ہیلتھ ڈیٹا ایک مربوط مرکز کے ساتھ منسلک ہو۔

یہ وہ جگہ ہوگی جہاں AI معالج چوبیس گھنٹے آپ کی صحت پر نظر رکھے گا—چاہے آپ گھر پر ہوں، سفر میں یا سیر پر۔ ہسپتال جانے کی ضرورت صرف ایمرجنسی کی حد تک محدود رہ جائے گی، باقی تمام سروسز آپ کے دروازے پر موجود ہوں گی۔




## کیپٹل سمارٹ سٹی کا ہیلتھ کیئر ڈسٹرکٹ

ہمارا "ہیلتھ کیئر ڈسٹرکٹ" وہ مخصوص علاقہ ہے جہاں ہر پہلو سے صحت کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ یہاں نہ صرف سعودی جرمن ہسپتال جیسے ادارے موجود ہوں گے بلکہ لیبارٹریز، فارمیسی، ریسرچ سینٹرز، ایمرجنسی ریسپانس یونٹس، ٹیلی میڈیسن ہب اور میڈیکل ایجوکیشن انسٹیٹیوٹس بھی شامل ہوں گے۔

## ایک نئی دنیا، ایک نیا معیار

سعودی جرمن ہسپتال کے ساتھ ہمارا اشتراک محض ایک ہسپتال کی تعمیر نہیں بلکہ ایک صحت مند، مربوط اور جدید طرزِ زندگی کا آغاز ہے۔ یہ وہ مستقبل ہے جہاں عالمی معیار کی صحت، ٹیکنالوجی کے سہارے آپ کے دروازے پر پہنچتی ہے۔ یہاں ہر سانس سکون دیتی ہے، ہر قدم فلاح کی جانب بڑھتا ہے، اور ہر لمحہ زندگی کو جینے کے نئے انداز سکھاتا ہے۔

SCAN ME!



# کیپٹل سمارٹ سٹی — صحت مند مستقبل کی ضمانت

## کیپٹل سمارٹ سٹی کا ہیلتھ کیئر وژن: ایک شہر، ایک صحت مند مستقبل

جہاں شہروں کا حسن بلند و بالا عمارات، کشادہ سڑکوں اور روشن بلیوار یاز سے ناپا جاتا ہے، وہیں ایک "سمارٹ سٹی" کی پہچان اس بات سے بھی ہوتی ہے کہ وہ اپنے شہریوں کو صحت مند زندگی کے لیے کتنی مؤثر، ہمہ گیر اور دیرپا طبی سہولیات فراہم کرتا ہے۔

کیپٹل سمارٹ سٹی اس نظریے کا عملی نمونہ ہے—ایک ایسا جدید شہر جو اپنے باسیوں کی جسمانی، ذہنی اور سماجی صحت کو اولین ترجیح دیتا ہے۔ یہاں ہیلتھ کیئر محض ایک سروس نہیں بلکہ پورے ماسٹر پلان کا ایک لازم و ملزوم حصہ ہے، جو شہر کے "ہیلتھ کیئر ڈسٹرکٹ" میں مکمل ہم آہنگی کے ساتھ تشکیل دیا گیا ہے۔

## ہیلتھ کیئر ڈسٹرکٹ: ایک مکمل صحت مند زون

موٹر وے انٹرچینج سے داخل ہوتے ہی کیپٹل سمارٹ سٹی کا "ہیلتھ کیئر ڈسٹرکٹ" سامنے آتا ہے—یہ وہ زون ہے جہاں صرف ہسپتال نہیں بلکہ میڈیکل یونیورسٹیز، نرسنگ اور پیرامیڈیکل فیکلٹیز، ریسرچ انسٹیٹیوٹس، کلینکس، اور میڈیکل پارکس بھی شامل ہیں۔

یہاں ہر ادارہ اپنی جگہ ایک مکمل نظام کا حصہ ہے، جو نہ صرف فوری طبی امداد، تشخیص اور علاج کی سہولیات مہیا کرتا ہے بلکہ مستقبل کے لیے تربیت یافتہ ماہرین، ریسرچ اور جدید طرزِ علاج کی بنیاد بھی رکھتا ہے۔

## 100 بیڈز پر مشتمل جدید ہسپتال—دل کے قریب

ہیلتھ کیئر ڈسٹرکٹ کے مرکزی حصے میں قائم کیپٹل سمارٹ سٹی کا فلیگ شپ ہسپتال، تین فلورز اور تقریباً 20 کنال پر محیط ایک مکمل جدید ادارہ ہے، جو 100 بیڈز کے ساتھ ہر وہ سہولت فراہم کرتا ہے جو کسی بھی بین الاقوامی معیار کے ہسپتال میں موجود ہوتی ہے۔

## یہاں درج ذیل شعبہ جات کی سروسز موجود ہیں:

- ایمرجنسی وٹراما یونٹ (24/7)
- جنرل میڈیسن
- آئی، ای این ٹی
- کارڈیالوجی
- مکمل لیب وڈائیگناسٹک سینٹر
- فارمیسی اور ایمبولینس سروس

یہ ہسپتال نہ صرف کیپٹل سمارٹ سٹی کے باسیوں کے لیے بلکہ آس پاس کے علاقوں سے تعلق رکھنے والے افراد کے لیے بھی کھلا ہے— جہاں ہر کوئی جدید ترین طبی نگہداشت سے استفادہ حاصل کرسکتا ہے۔




## میڈیکل ایجوکیشن اور تحقیق کا مرکز

ہیلتھ کیئر ڈسٹرکٹ میں واقع میڈیکل فیکلٹیز اور انسٹیٹیوٹس، نہ صرف معیاری تعلیم فراہم کرنے میں معاون ہوں گے بلکہ یہاں کے طلبا کو اسپتال کی عملی زندگی سے براہِ راست منسلک کیا جائے گا۔ یہ تربیتی نظام آئندہ نسلوں کے ڈاکٹرز، نرسز اور ہیلتھ ورکرز کو نہ صرف مہارت بلکہ خدمت کا جذبہ بھی عطا کرے گا۔

اس سٹی میں مجوزہ میڈیکل یونیورسٹی بھی زیر تعمیر ہے، جو آئندہ سالوں میں ایک قومی سطح کا ریسرچ اور تعلیمی مرکز بننے جا رہی ہے۔

## CSR کے تحت فلاحی خدمات-انسانیت کی خدمت جاری

کیپٹل سمارٹ سٹی اسپتال ہر ماہ CSR (کارپوریٹ سوشل ریسپانسیبلٹی) پروگرام کے تحت فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کرتا ہے۔




ان کیمپس میں:

- جنرل چیک اپ
- مفت ادویات
- ماہر ڈاکٹرز سے مشاورت

جیسی سہولیات اہل علاقہ کو مہیا کی جاتی ہیں، تاکہ وہ بغیر کسی مالی بوجھ کے اپنی صحت کے مسائل کا حل پاسکیں۔

## خدمت کا ایک اور در: وقتی بنیاد پر سہولت کا حصول ممکن

اگر کوئی معالج، اسپیشلسٹ یا جنرل پریکٹیشنر عارضی بنیاد پر اپنی خدمات دینا چاہے۔ یا کوئی مریض کسی مخصوص علاج یا ایمرجنسی کی ضرورت کے تحت وقتی طور پر ہسپتال کی سہولیات حاصل کرنا چاہے—تو کیپٹل سمارٹ سٹی ہسپتال میں ہر شہری کو خوش آمدید کہا جاتا ہے۔

یہ وہ جگہ ہے جہاں صرف ہسپتال نہیں، بلکہ انسان دوستی، جدیدیت اور سہولت کا ایک پورا ماحول میسر ہے۔




## کیپٹل سمارٹ سٹی— صحت مند مستقبل کی ضمانت

یہ ہسپتال اور دیگر ہیلتھ فیکلٹیز، سمارٹ سٹی کے اس وژن کی عکاسی کرتی ہیں جس کا مقصد صرف رہائش فراہم کرنا نہیں، بلکہ ایک ایسا مستقبل تعمیر کرنا ہے جہاں ہر فرد جسمانی، ذہنی اور معاشرتی طور پر تندرست ہو۔

## یہاں صحت کی حفاظت کے لیے:

- گرین ماحول
- واکنگ ٹریکس
- انڈور جم
- کھیلوں کے میدان
- ایئر کوالٹی مینجمنٹ سسٹم

SCAN ME!

جیسے عوامل بھی شامل ہیں، جو ایک مکمل صحت مند لائف اسٹائل کا حصہ ہیں۔ ایک ایسا شہر، جہاں صحت ایک حق ہے۔ کیپٹل سمارٹ سٹی کا ہیلتھ کیئر ڈسٹرکٹ ایک ماڈل ہے— کہ کس طرح جدید ٹیکنالوجی، فلاحی سوچ، اور مربوط منصوبہ بندی کے ذریعے ایک شہری زندگی کو بہتر اور محفوظ بنایا جاسکتا ہے۔

**یہ صرف ایک ہسپتال نہیں،**
**بلکہ صحت مند پاکستان کی طرف ایک عملی قدم ہے۔**

SCAN ME!

# سمارٹ سٹم سکول: جہاں خواب حقیقت بنتے ہیں

## کیپٹل سمارٹ سٹی کا "سمارٹ سٹم سکول"

ہم سب چاہتے ہیں کہ ہمارے بچے ایک ایسا مستقبل پائیں جہاں وہ صرف کامیاب نہیں، بااعتماد، باصلاحیت اور باکردار انسان بھی بنیں۔ لیکن یہ صرف خواہش سے نہیں ہوتا—اس کے لیے ایک ایسا ماحول، ایک ایسا نظام تعلیم اور ایسی رہنمائی درکار ہوتی ہے جو بچوں کی ذہنی، تخلیقی اور اخلاقی بنیادوں کو سیراب کرے۔

کیپٹل سمارٹ سٹی نے اسی وژن کے تحت اپنے "ایجوکیشن ڈسٹرکٹ" میں ایک بیج بویا ہے—اور وہ ہے: سمارٹ سٹم سکول۔

## سمارٹ سٹم سکول — تربیت، تعلیم اور شخصیت سازی کا ہم آہنگ امتزاج

یہ سکول کوئی عام تعلیمی ادارہ نہیں۔ یہاں بچوں کو صرف ریاضی، سائنس، ٹیکنالوجی اور انجینئرنگ کے گُر نہیں سکھائے جاتے — بلکہ ان کی تنقیدی سوچ، مسئلہ حل کرنے کی صلاحیت، تخلیقی اپروچ اور اخلاقی بنیادوں پر بھی محنت کی جاتی ہے۔

یہاں نصاب کو جدید عالمی تقاضوں کے مطابق ڈیزائن کیا گیا ہے۔ کلاس رومز صرف بیٹھنے کی جگہ نہیں بلکہ ایکسپیریمنٹ، ابزرویشن، اور تخلیق کی لیبارٹریز ہیں۔ بچے روبوٹکس سے لے کر گرین انرجی پروجیکٹس تک، ہر پہلو کو خود عملی طور پر سیکھتے اور برتتے ہیں۔

## سہولیات جن پر فخر کیا جائے

- یہاں جو سہولیات میسر ہیں، وہ صرف انفراسٹرکچر نہیں بلکہ خوابوں کی زمین کا حصہ ہیں:
- جدید ترین لیبز اور ٹیک ورک شاپس
- پروجیکٹ بیسڈ لرننگ پر مبنی تدریسی ماڈیول
- ہر بچے کے لیے انفرادی مینٹورنگ پلان
- کردار سازی کے لیے ہیومن ڈیولپمنٹ سیشنز
- ذہنی اور جسمانی صحت کے لیے سپورٹس، میوزک اور آرٹ کے الگ الگ زون
- پیرنٹس انگیجمنٹ ماڈیولز تاکہ والدین بھی ترقی کے سفر کا حصہ بنیں

یہاں ہر چیز کا محور "بچہ" ہے—اس کا فہم، اس کی دلچسپی، اور اس کا روشن کل۔







## اس تعلیمی گلستان کا حسین پس منظر

یہ سٹم سکول کسی عام مقام پر قائم نہیں — بلکہ کیپٹل سمارٹ سٹی کے ایجوکیشن ڈسٹرکٹ میں، جہاں پاکستان کی کچھ سب سے نامور یونیورسٹیز اپنی موجودگی کا لوہا منوا چکی ہیں یا منصوبہ بندی کے آخری مراحل میں ہیں:

- نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی (NDU)
- نمل یونیورسٹی
- نیوٹیک یونیورسٹی (جس کا کیمپس کافی حد تک مکمل ہو چکا ہے)




اور حال ہی میں، غلام اسحاق خان انسٹی ٹیوٹ (GIKI) کا ایک شاندار قدم—ڈیٹا سائنسز اور مصنوعی ذہانت کے سینٹر آف ایکسی لینس کا قیام—بھی اس خطے کے تعلیمی نقشے پر روشن ستارے کی مانند چمک رہا ہے۔

یعنی آپ کا بچہ صرف ایک سٹم سکول میں نہیں، بلکہ ان اداروں کے ماحول اور اثرات کے دائرے میں تربیت پا رہا ہوتا ہے۔ یہ وہ "Exposure" ہے جس کا نعم البدل شاید ہی کوئی اور سسٹم دے سکے۔







## مستقبل کی سمت — جسے بسایا جا چکا ہے

جب ایک بچہ ایسے سکول میں تعلیم پاتا ہے جہاں اسے محض سبق یاد نہیں کروائے جاتے بلکہ سوچنے، بنانے، اور آگے بڑھنے کی صلاحیت دی جاتی ہے، تو پھر وہ دنیا کی کسی بھی یونیورسٹی، کسی بھی میدان، اور کسی بھی چیلنج کا سامنا کر سکتا ہے۔

کیپٹل سمارٹ سٹی کا سمارٹ سٹم سکول صرف ایک سکول نہیں-یہ ایک وژن ہے، ایک تربیتی ماحول، اور ایک مکمل فکری و اخلاقی نظام ہے، جو بچے کو نہ صرف تعلیم دیتا ہے، بلکہ اپنی شناخت، مقصد اور قابلیت کا شعور بھی عطا کرتا ہے۔

## جہاں تعلیم، تخلیق اور تربیت اکٹھے سانس لیتے ہیں

اس گلستان میں لگایا گیا سمارٹ سٹم سکول کا یہ ننھا پودا، آنے والے وقت میں پاکستان کے تعلیمی منظرنامے پر ایک تناور درخت کی صورت ابھرے گا—جو صرف سائے نہیں دے گا، بلکہ روشنی بھی بانٹے گا۔

اور شاید اسی لیے یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ:

"سمارٹ سٹم سکول، وہ جگہ ہے جہاں بچوں کا مستقبل، صرف خواب نہیں رہتا—وہ حقیقت میں ڈھلنے لگتا ہے۔"






On December 1st, we proudly inaugurated Pakistan's first Smart Institute of Rehabilitation Medicine (SIRM). This groundbreaking facility is a testament to innovation and care, empowering individuals on their journey to recovery and wellness. Together, we're redefining the possibilities for rehabilitation and urban living.




The Adventure World at Capital Smart City has joyously opened its doors, inaugurated by the Group Chief Operating Officer. Hundreds of members, residents, and selling partners gathered to partake in the festivities, enjoying food stalls and various pre-announced activities.




On December 1st, Capital Smart City celebrated the opening of the Smart City Hospital, a state-of-the-art facility designed to provide world-class healthcare in a modern urban setting.
This milestone embodies our commitment to compassion, progress, and enhancing quality of life for all our residents.




The journey culminated in a visit to the Smart Stem School, a beacon of futuristic education and innovation.
Every participant's admiration reflected the city's extraordinary development, inspiring pride and gratitude for its transformative vision.




The Vintage Car Show was a breathtaking celebration of timeless elegance and engineering marvels. These classic beauties graced the stage, each telling a story of craftsmanship and history.
Enthusiasts gathered to admire the charm of a bygone era, creating a nostalgic ambience that lingered long after the event concluded on December 2nd.




On World Disability Day, CSC hosted a heartfelt event dedicated to honoring inclusivity and resilience. Esteemed guests graced the occasion with their inspiring presence, reflecting on the importance of empowering individuals with disabilities and reaffirming a commitment to building a society rooted in compassion and equal opportunity. May this day inspire us all to celebrate the strength in diversity.




Capital Smart City has proudly earned a prestigious sustainable housing award at the Pakistan Sustainability Summit and Award 2024. Recognized for its unwavering dedication to sustainability and its commitment to social responsibility, the city continues to pave the way for a greener, more responsible future.




An electrifying Bikers Rally, where the roar of engines and the gleam of immaculate motorcycles filled the air with excitement.
Enthusiastic riders, driven by passion and camaraderie, showcased their unique machines with pride and precision. Each bike told a story, and together they created an unforgettable symphony of motion and marvel.




At Capital Smart City, health and safety come first. Our team is actively working to ensure a safe, dengue-free environment for all residents and visitors. Together, let's build a healthier community.

# ADVENTURE WORLD

**Repelling** Tower

**Rock** Climbing

**Challenge** Course

**ATV/Dirt** Bike

**Zip**line

**Suspension** Brigde

**Paintball** Shooting

**Archery**

**Sky** Cycling












# BUILDING A SMART PAKISTAN

CAPITAL SMART CITY

PAKISTAN'S FIRST DEDICATED

## SMART INSTITUTE OF REHABILITATION MEDICINE (SIRM)

1ST OF ITS KIND IN PRIVATE SECTOR

**NOW OPEN IN CAPITAL SMART CITY**




**BRIG(R) DR KHALIL AHMAD SI (M)**

**CEO Rehab Hospital**

MBBS, MSc (Pain Medicine), DHPE (KMU)
FCPS (PM&R), OJT Rehab Medicine (UK)

**TIME OF CONSULTATION**

**10:00 AM TO 03:00 PM**

MONDAY TO FRIDAY

**CONDITIONS TREATED AND SERVICES PROVIDED IN REHABILITATION MEDICINE**

- PAIN CLINIC
- PHYSIOTHERAPY
- SPEECH THERAPY
- ARTIFICIAL LIMBS
- DEXA SCAN
- OCCUPATIONAL THERAPY

CAPITAL SMART CITY

**FOR APPOINTMENT**

051 5579 528 0300 0560 342

M-2, Near Islamabad Airport